اردو(Urdu)

(206)

ٹیوٹر مارکڈ اسائنمنٹ (۲۰۲۰-۲۱)

سیکنڈری کورس

کل نمبر 20

نوٹ: تمام سوالات لازمی ہیں، ہر سوال کے نمبر اس کے سامنے دیئے گئے ہیں۔

سوال نمبر۱: درج ذیل میں سے صرف ایک سوال کا جواب ۴۰ تا ۶۰ الفاظ میں کیجئے۔ 2

(الف) افسانہ 'عیدگاہ' کی روشنی میں بتائیں کہ امینہ دست پناہ دیکھ کر کیوں خوش نہیں ہوئی؟ (L.N.2)

یا

(ب) بھگتی تحریک کے بارے میں چند جملے لکھئے۔ (L.N.5)

سوال نمبر۲: درج ذیل میں سے صرف ایک سوال کا جواب ۴۰ تا ۶۰ الفاظ میں لکھئے۔ 2

(الف) ہندو مسلم اتحاد سے کن تہذیبی اداروں کو فروغ حاصل ہوا؟ (L.N.3)

یا

(ب) بوڑھے کی بے چینی اور بے قراری کو کس طرح قرار آیا؟ (L.N.1)

سوال نمبر۳: درج ذیل میں سے صرف ایک سوال کا جواب ۴۰ تا ۶۰ الفاظ میں لکھئے۔ 2

(الف) کبیر نے کیسے لوگوں کی محبت اختیار کرنے کی تعلیم دی ہے۔ (L.N.13)

یا

(ب) افسانہ 'ایک سوال' کی روشنی میں بتائیں کہ ہمارے سماج میں عورت کا کیا مقام ہے؟ (L.N.12)

سوال نمبر۴: درج ذیل میں سے کسی ایک سوال کا جواب ۱۰۰ تا ۱۵۰ الفاظ مں لکھئے۔ 4

(الف) میر تقی میرؔ کو خدائے سخن کیوں کہا جاتا ہے؟ (L.N. 16)

یا

(ب) چکبستؔ نے اپنی نظم ''کشمیر'' میں کشمیر کی خوبصورتی کا نقشہ کس طرح کھینچا ہے؟ (L.N.21)

سوال نمبر۵: درج ذیل میں سے کسی ایک حصّہ کا جواب ۱۰۰ تا ۱۵۰ الفاظ میں لکھئے۔ 4

(الف) ہوا بندھ گئی اُس گھڑی اس اُصول (L.N.24)

بسیرا گئے جانور اپنا بھول

درختوں سے لگ لگ کے بادِ صبا

لگی وجد میں بولنے واہ وا
کدارے کا عالم یہ تھا اس گھڑی
کہ تھی چاندنی ہر طرف غش پڑی

(i) مندجہ بالا مثنوی کا مطلب اپنے الفاظ میں بیان کیجئے۔

(ii) مثنوی کے اجزائے ترکیبی بیان کیجئے۔

یا

(ب)

بے وطن ہوں نہ مسافر کو ستاؤ للہ — قتل کیوں کرتے ہو تم کون سا میرا ہے گناہ
اب نہ یاور ہے کوئی ساتھ نہ لشکر نہ سپاہ — تم کو لازم ہے غریبوں پر ترحم کی نگاہ
ہاتھ آئے گا نہ انعام نہ زر پاؤ گے — یاد رکھو مرا سر کاٹ کے پچھتاؤ گے۔

(i) مندجہ بالا مرثیے کا مطلب اپنے الفاظ میں بیان کیجئے۔

(ii) میر انیسؔ کے انداز بیان پر تبصرہ کیجئے۔

سوال نمبر۶ : پروجیکٹ ورک 6

مندجہ ذیل میں سے کسی ایک پر ۵۰۰ الفاظ میں لکھئے۔

(الف) نظم کی تعریف لکھئے، ساتھ ہی نظیر اکبرآبادی کی شاعرانہ خصوصیات پر نوٹ لکھئے اور ان کی کسی نظم کے دو بند بھی لکھئے۔ (L.N.6)

یا

(ب) ترسیل کے بنیادی عناصر بتاتے ہوئے ماس میڈیا کی قسموں سے بحث کیجئے اور تعلیمی میدان میں ٹی وی کی اہمیت واضح کیجئے۔ (L.N.30)